| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری انتیسواں ہفتہ | موضوع: | حرف 'و' | دن: | پہلا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہو سکیں گے کہ۔<br>حرف 'و' کا درست تلفظ پہچان سکیں۔<br>درست ساخت/ بناوٹ سے 'و' لکھ سکیں۔<br>حرف 'و' سے شروع ہونے والے الفاظ پہچان سکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کو 'حروف تہجی اردو کے' نظم سنائی جائے گی اور 'ا سے لے کرن' تک کا درست تلفظ، صوتی آواز اور اشیاء پوچھی جائیں گی۔ | 5 منٹ | حرف فلیش کارڈ<br>اشیاء فلیش کارڈ | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا حرف 'و' کی پہچان، آواز اور اس سے شروع ہونے والے الفاظ کی نشاندہی پر۔ |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ 'و' بھی شرارتی نو ہے۔ اس کی آدھی شکل نہیں ہوتی۔ یہ حروف تہجی کا چونتیسواں حرف ہے۔ اس کی صوتی آواز بتائی جائے گی۔ بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم حرف 'و' درست تلفظ سے بولنا سیکھیں گے اور حرف 'و' کے ذخیرہ الفاظ وضو، وقت، وکیل اور وردی کے بارے میں جانیں گے۔ تختہ سفید سیاہ پر لکیر کھینچ کر بچوں کو حرف 'و' لکھنے کا طریقہ بتایا جائے گا۔ اور باری باری بچوں کو بلا کر حرف 'و' لکھنے کو کہا جائے گا۔ | 10 منٹ | | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو کتاب صفحہ 70 کھولنے کو کہا جائے گا۔ 'و' پر انگلی پھیرنے اور صوتی آواز بتانے کو کہا جائے گا۔ تصاویر کے ذریعے 'و' کے الفاظ بتائے جائیں گے۔ کتاب صفحہ 71 کھولنے کو کہا جائے گا۔ بچوں سے پوچھا جائے گا کہ ہم کونسا حرف سیکھ رہے ہیں۔ تمام تصاویر کے نام پوچھے جائیں گے۔ 'و' کو اس سے بننے والے الفاظ سے ملانے میں بچوں کی مدد کی جائے گی۔ | 20 منٹ | کتاب صفحہ نمبر<br>70,71 | |
| | **اختتامیہ:**<br>بچوں سے 'و' کی صوتی آواز اور درست تلفظ پوچھا جائے گا۔ | 5 منٹ | | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری انتیسواں ہفتہ | موضوع: | حرف 'ؤ' | دن: | دوسرا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ۔<br>حرف 'ؤ' کا درست تلفظ پہچان سکیں۔<br>درست ساخت/ بناوٹ سے 'ؤ' لکھ سکیں۔<br>حرف 'ؤ' سے شروع ہونے والے الفاظ پہچان سکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کو' حروف تہجی اردو کے 'نظم سنائی جائے گی اور 'ؤ' کا فلیش کارڈ دکھا کر اس کا درست تلفظ ،صوتی آواز پوچھی جائے گی۔<br>**تعارف:**<br>بچوں کو 'ؤ' کے ذخیرہ الفاظ کی فلیش کارڈ/ پی پی ٹی کے ذریعے دہرائی کروائی جائے گی۔ بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم والی بال کے بارے میں بات کریں گے۔ بچوں کو والی بال دکھایا جائے گا اور بتایا جائے گا جیسے فٹ بال پاؤں سے کھیلا جاتا ہے۔ والی بال کو ہاتھوں سے کھیلا جاتا ہے۔ والی بال میں ہم ہاتھوں سے یا سر سے ہٹ کر سکتے ہیں پاؤں سے نہیں۔ اس میں درمیان میں نیٹ لگی ہوتی ہے اور اُس کے دونوں اطراف میں چھ چھ کھلاڑیوں پر مشتمل ٹیم ہوتی ہے۔ بچوں کو 'ؤ' کے مزید الفاظ (ورق، وکٹ، وقت) بتائے جائیں گے۔ بچوں سے ہوا یا جلد پر انگلیوں کی مدد سے حرف 'ؤ' کی شکل بنوایئے اور بار بار دہرائی کروایئے۔<br>**مرکزی سرگرمی:**<br>'ا سے لے کر 'ؤ' تک حروف کے فلیش کارڈ ٹوکری میں رکھ دیں۔ بچوں کو بلایئے اور کہیے کہ ہر بچہ ایک ایک حرف نکالے۔ حروف تہجی کا گیت گاتے ہوئے ہر بچے سے کہیے کہ باری باری آئیں اور بورڈ پر ا سے لے کر و تک تمام حروف ترتیب سے لگا دیں۔ جب ن پر پہنچیں تو بچوں سے پوچھیں اگلا حرف کونسا ہے۔ درست جواب ملنے کے بعد 'ؤ' کا فلیش کارڈ بورڈ پر لگائیں۔ بچوں سے کتاب صفحہ 74 کھولنے کو کہا جائے گا۔ 'ؤ' کو درست بناوٹ سے لکھنے کی مشق کروائی جائے گی۔<br>**اختتامیہ:**<br>بچوں سے کہا جائے گا کہ ہوا میں حرف 'ؤ' لکھنے کی مشق کریں۔<br>**گھر کا کام:**<br>کتاب صفحہ 73 کیجیے۔ | 5 منٹ<br><br>5 منٹ<br><br>25 منٹ<br><br>5 منٹ | حرف فلیش کارڈ<br>اشیاء فلیش کارڈ<br><br>والی بال<br><br>ٹوکری<br><br>کتاب صفحہ 73 | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا حرف 'ؤ' کی پہچان ، آواز اور اس سے شروع ہونے والے الفاظ کی نشاندہی پر۔ |

| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری انتیسواں ہفتہ | موضوع: | حرف 'ہ' | دن: | تیسرا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہو سکیں گے کہ۔<br>حرف 'ہ' کا درست تلفظ پہچان سکیں۔<br>درست ساخت/ بناوٹ سے 'ہ' لکھ سکیں۔<br>حرف 'ہ' سے شروع ہونے والے الفاظ پہچان سکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کو 'حروف تہجی اردو کے' نظم سنائی جائے گی۔ اور 'ا' سے لے کر 'و' تک کا درست تلفظ، صوتی آواز اور اشیاء پوچھی جائیں گی۔ | 5 منٹ | حرف فلیش کارڈز<br>اشیاء فلیش کارڈز | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا حرف 'ہ' کی پہچان، آواز اور اس سے شروع ہونے والے الفاظ کی نشاندہی پر۔ |
| | **تعارف:**<br>معلمہ ہاتھ میں حرف 'ہ' کا Puppet Stick Card لے کر کمرہ جماعت میں داخل ہوگی اور بچوں کو السلام علیکم کہہ کر 'ہ' کا تعارف کروائے گی۔ میں حرف 'ہ' ہوں۔ دوسرے حروف کے ساتھ ملنے سے میری بناوٹ تبدیل ہو جاتی ہے۔ اور حرف 'ہ' کی آدھی شکل Puppet Stick Card کے ذریعے دکھائی جائے گی۔ بچوں کو بتایا جائے گا کہ 'ہ' حروف تہجی کا پینتیسواں حرف ہے۔ اس کی صوتی آواز بتائی جائے گی۔ بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم حرف 'ہ' درست تلفظ سے بولنا سیکھیں گے۔ اور حرف 'ہ' کے ذخیرہ الفاظ ہارہ، ہاتھی، ہدہد اور ہرن کے بارے میں جانیں گے تختہ سفید سیاہ پر لکیر کھینچ کر بچوں کو 'ہ' کی پوری اور آدھی شکل لکھنے کا طریقہ بتایا جائے گا۔ اگر 'د' دنیا بنا کر راستہ بند کر دیا جائے تو 'ہ' بن جاتی ہے۔ بچوں کو بلا کر تختہ سفید سیاہ پر حرف 'ہ' لکھنے کو کہا جائے گا۔ | 10 منٹ | Puppet Stick Card | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں سے کتاب صفحہ 74 کھولنے کو کہا جائے گا۔ 'ہ' پر انگلی پھیرنے اور آدھی شکل پر پینسل پھیرنے کو کہا جائے گا۔ تصاویر کے ذریعے 'ہ' کے الفاظ بتائے جائیں گے۔ کتاب صفحہ 75 کھولنے کو کہا جائے گا۔ بچوں سے پوچھا جائے گا ہم کونسا حرف سیکھ رہے ہیں۔ تمام تصاویر کے نام پوچھے جائیں گے۔ 'ہ' کو اس سے بننے والے الفاظ سے ملانے میں بچوں کی مدد کی جائے گی۔ | 20 منٹ | کتاب صفحہ نمبر<br>74،75 | |
| | **اختتامیہ:**<br>بچوں سے 'ہ' کی صوتی آواز اور اشیاء پوچھی جائیں گی۔ | 5 منٹ | | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری انتیسواں ہفتہ | موضوع: | حرف 'ہ' | دن: | چوتھا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ۔<br>حرف 'ہ' کا درست تلفظ پہچان سکیں۔<br>درست ساخت/ بناوٹ سے 'ہ' لکھ سکیں۔<br>حرف 'ہ' سے شروع ہونے والے الفاظ پہچان سکیں۔ | **دہرائی:**<br>حرف 'ہ' کی پوری اور آدھی شکل فلیش کارڈ کے ذریعے دکھا کر اس کے نام اور آواز کی دہرائی کروائی جائے گی۔<br>**تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم 'ہ' سے ہاکی کے بارے میں بات کریں گے۔ بچوں کو ہاکی دکھائی جائے گی اور پوچھا جائے گا کہ آپ جانتے ہیں کہ یہ کیا ہے؟ بچوں کو بتایا جائے گا کہ ہاکی پاکستان کی نیشنل گیم ہے پاکستان ہاکی کا نیشنل چیمپیئن بھی رہ چکا ہے۔ ہاکی میں 11 کھلاڑی ہوتے ہیں۔ بچوں سے پوچھیں کیا آپ نے کبھی ہاکی کا میچ دیکھا ہے؟ یا آپ کو ہاکی کھیلنا پسند ہے؟ بچوں سے اُن کی پسندیدہ گیم کے بارے میں بھی پوچھیں۔ بچوں سے کہیے کہ آپ کی نقل کرتے ہوئے انگلیوں سے ہوا میں حرف 'ہ' بنایئے۔ اور یہ عمل تین سے چار بار دہرائیں۔<br>**مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو سادہ کاغذ دیں اور اُن سے کہیے کہ کاغذ پر اپنا ہاتھ رکھیں اور دوسرے ہاتھ سے پینسل سے ٹریس کریں۔ اب بچوں کو ہر ارنگ دکھا کر پوچھا جائے گا یہ کونسا رنگ ہے۔ بچوں کو ٹریس کیے ہوئے ہاتھ میں ہرا رنگ کرنے کو کہا جائے گا۔ کتاب صفحہ 76 کھولنے کو کہا جائے گا۔ 'ہ' اور اس کی آدھی شکل پر پینسل پھیرنے کو کہا جائے گا۔<br>**اختتامیہ:**<br>تختہ سفید سیاہ پر 'ہ' کی پوری اور آدھی شکل لکھنے کی مشق کروائی جائے گی۔ | 5 منٹ<br><br>10 منٹ<br><br>20 منٹ<br><br>5 منٹ | حرف فلیش کارڈ<br>اشیاء فلیش کارڈ<br><br>ہاکی<br><br>Play Dough<br><br>ورک شیٹ | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا حرف 'ہ' کی پہچان، آواز اور اس سے شروع ہونے والے الفاظ کی نشاندہی پر۔ |

| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری انتیسواں ہفتہ | موضوع: | دہرائی 'و، ہ' | دن: | پانچواں |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ۔<br>حرف 'ہ' کا درست تلفظ پہچان سکیں۔<br>درست ساخت/ بناوٹ سے 'ہ' لکھ سکیں۔<br>حرف 'ہ' سے شروع ہونے والے الفاظ پہچان سکیں۔ | **دہرائی:**<br>حرف 'و اور ہ' کے تمام الفاظ کے فلیش کارڈ دکھا کر ان کی آواز اور اشیاء کے نام پوچھے جائیں گے۔<br>**تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم 'و، ہ' کی دہرائی کریں گے۔ بچوں کو ہاتھ دکھا کر پوچھا جائے گا یہ کیا ہے۔ سب بچوں کو کہا جائے گا کہ اپنے اپنے ہاتھ اوپر کریں اور بولیں ہاتھ بچوں سے پوچھیں ہم ہاتھوں سے کیا کیا کام کرتے ہیں؟ بچوں کو بتائیں کہ ہمیں اللہ کی ہر بات پر شکر ادا کرنا چاہیے اور ہاتھ اُٹھا کر اللہ سے دعا کریں اور شکر کیا کریں۔ بچوں کو بتائیں کہ ہاتھ کے درمیان والے حصے کو ہتھیلی کہتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے ہمیں دو ہاتھ دیئے ہیں۔ جن سے ہم بہت سارے کام کرتے ہیں۔ بچوں کو بتایئے ہاتھ اور ہتھیلی کی ابتدائی آواز 'ہ' ہے۔ بچوں کو ورزش کر کے دکھائیں اور پوچھیں آپ کیا کر رہی ہیں۔ بچوں کو بتایئے کہ ورزش ہماری صحت کے لیے بہت ضروری ہے۔<br>بچوں کو Sand Tray دے کر حرف 'و اور ہ' کی پوری اور آدھی شکل کی مشق کروائی جائے گی۔<br>**مرکزی سرگرمی:**<br>کتاب صفحہ 77 کھولنے کو کہا جائے گا۔ 'ہ' اور اس کی آدھی شکل کی لکھائی کروائی جائے گی۔ ہر بچے کی انفرادی طور پر نگرانی کی جائے گی۔ تاکہ وہ مقررہ وقت میں اپنا کام مکمل کر سکے۔<br>**اختتامیہ:** بچوں سے پوچھیں کہ حرف 'ہ' سے شروع ہونے والے جانوروں کے نام بتائیں۔ ہاتھی، ہرن، ہدہد۔<br>**گھر کا کام:** کاپی میں حرف 'ہ' کی پوری اور آدھی شکل لکھیں۔ کاپی میں حرف 'ہ' لکھیں۔ | 3 منٹ<br><br>5 منٹ<br><br>30 منٹ<br><br>2 منٹ | حرف فلیش کارڈ<br>اشیاء فلیش کارڈ<br><br>Sand Tray<br><br>کاپی ورک | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا حرف 'ہ' کی پہچان، آواز اور اس سے شروع ہونے والے الفاظ کی نشاندہی پر۔ |